نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں سموگ کنٹرول سے متعلق اجلاس کا انعقاد

وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام پر عملدرآمد کیلئے تمام ممکنہ وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:05 اکتوبر 2024: محکمہ زراعت پنجاب کے تحت سموگ کنٹرول کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے زراعت ہاؤس لاہور میں منعقدہ سموگ کنٹرول بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام پر عملدرآمد کیلئے تمام ممکنہ وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ کاشتکاروں کو 5 ارب روپے کی لاگت سے 60 فیصد سبسڈی پر سپر سیڈرز فراہم کئے جا رہے ہیں جس کی مدد سے دھان کی باقیات کو کارآمد بنایا جائے گا۔ دھان کی باقیات کو آگ لگانے کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر عمل کیا جارہا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ سموگ کنٹرول پروگرام پر من و عن عملدرآمد کیلئے کنٹرول روم قائم کیا جارہا ہے۔ سموگ کنٹرول کیلئے متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کو ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں۔ اس ضمن میں دھان کی باقیات کو آگ لگانے والے عناصر کی فوری رپورٹ کی جائے گی اور قانون کے مطابق فوری کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سموگ کنٹرول کیلئے محکمہ زراعت کی فیلڈ سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب آغا نبیل، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) پنجاب کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبد الحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں و دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆